# ٹاؤن میونسپل کارپوریشن (گلبرگ)

## محکمہ (اطلاعات)

مورخہ 21 فروری 2025

---

## پریس ریلیز

**چیئرمین گلبرگ ٹاؤن نصرت اللہ نے یوسی 3 منصورہ پارک میں تین روزہ پھولوں کی نمائش کا افتتاح کردیا۔**

**گلبرگ ٹاؤن اس سال میں پھولوں کی تیسری نمائش کررہاہے۔**

**ہمارا ماننا ہے کہ کراچی چلے گا تو پورا ملک چلے گا۔نصرت اللہ**

**مورخہ 21 فروری 2025**

کراچی چیئرمین گلبرگ ٹاؤن نصرت اللہ نے یوسی "3" منصورہ پارک میں تین روزہ پھولوں کی نمائش کا افتتاح کردیا۔ ان کے ہمراہ یوسی چیئرمین مرزا آفاق بیگ، وائس یوسی چیئرمین مفتی نعمان، سابقہ ٹاؤن ناظم فاروق نعمت اللہ بھی موجود تھے نمائش میں عوام کے لیے مختلف اقسام کے پھول رکھے گئے ہیں اس موقع پر چیئرمین گلبرگ ٹاؤن نصرت اللہ نے عوام سے بات کرتے ہوئے کہا کہ پھولوں کی نمائش لگانے کا مقصد عوام کو نیچر سے قریب کرنا ہے پھول زندگی کی علامت سمجھا جاتا ہے۔ گلبرگ ٹاؤن اس سال میں پھولوں کی تیسری نمائش کررہا ہے منتخب نمائندے عوام کو بلدیاتی سہولتیں فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ صحت مند سرگرمیاں بھی میسر کررہے ہیں ہماری کوشش ہے کہ عوام کو ان کی دہلیز تک بلدیاتی سہولتیں میسر آئے جس کے لیے میں اور میری پوری ٹیم کوشاں ہے ہمارا مقصد گلبرگ ٹاؤن اور کراچی کی عوام کو سہولیات میسر کرنا ہے ہمارا ماننا ہے کہ کراچی چلے گا تو پورا ملک چلے گا۔ اس موقع پر یوسی چیئرمین مرزا آفاق بیگ نے کہا کہ میں یوسی تھری واٹر پمپ کی عوام کو مبارکباد پیش کرتا ہوں اور ٹاؤن چیئرمین اور محکمہ باغات گلبرگ ٹاؤن کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے ایک خوبصورت پھولوں کی نمائش کا انعقاد کیا اس موقع پر ٹاؤن وائس چیئرمین محمد الیاس، ڈپٹی ڈائریکٹر باغات اسد جاوید، علاقہ معززین خواتین کونسلر دیگر بلدیاتی افسران اور عوام کی ایک بڑی تعداد موجود تھی۔

انچارج انفارمیشن

گلبرگ ٹاؤن